38واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز پیر 27 دسمبر 2021

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

## صوبہ میں محکمہ کے زیر انتظام پولٹری ریسرچ سنٹر کی طرز پر مزید انسٹیٹیوٹ یونٹ بنانے سے متعلقہ تفصیلات

*2013: جناب محمد ارشد ملک: کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں اس وقت پولٹری کی ریسرچ ترقی کیلئے صرف ایک ادارہ پولٹری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ راولپنڈی ہے جس میں ماہرین کام کر رہے ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ موجودہ مالی سال میں ادارہ ہذا میں کوئی ترقیاتی کام شروع نہ ہوا۔

(ج) اگر جواب اثبات میں ہے تو حکومت مزید کتنے ایسے ادارہ جات صوبہ میں قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے مزید ادارہ ہذا کی افادیت کے بارے میں بھی تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 13 مارچ 2019 تاریخ ترسیل یکم جولائی 2019)

### جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) یہ درست نہ ہے۔

(ج) حکومت مزید ایسے ادارہ جات قائم کرنے کا ارادہ نہ رکھتی ہے۔ یہ ادارہ مرغیوں میں بیماریوں کی روک تھام، دیہی مرغبانی کے فروغ، تعلیم وتربیت، پولٹری سیکٹر میں قانونی ضابطہ کار کے تحت مربوطی اور توسیعی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 مارچ 2020)

## مویشیوں سے دودھ جلد اور زیادہ حاصل کرنے کے لیے ممنوعہ انجکشن استعمال کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*2019: چوہدری اشرف علی: کیا وزیر امور حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں اکثر مویشی مالکان زیادہ اور جلد دودھ حاصل کرنے کے لیے گائے اور بھینسوں کو مختلف اقسام کے Injections لگاتے ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ جانوروں کو مذکورہ Injections لگا کر حاصل کیا گیا دودھ انسانی صحت کیلئے انتہائی مضر ہے۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ Injections لگانے سے جانور بھی شدید متاثر ہوتے ہیں۔

(د) کیا یہ بھی درست ہے کہ معزز عدالت عالیہ مذکورہ Injections پر پابندی لگا چکی ہے۔

(ہ)اگر جواب اثبات میں ہے تو حکومت مذکورInjections کی خرید و فروخت اور استعمال روکنے کیلئے کیا اقدامات اٹھا رہی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں۔

(تاریخ وصولی 13 مارچ 2019 تاریخ ترسیل یکم جولائی 2019)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) یہ درست نہ ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان اس پر پابندی لگا چکی ہے۔

(ج) جواب جز "ب" میں دے دیا گیا ہے۔

(د) جواب جز "ب" میں دے دیا گیا ہے۔

(ہ) انسانی اور جانوروں کی صحت پر اس ٹیکہ کے اثرات کو دیکھتے ہوئے حکومت پنجاب نے سپریم کورٹ آف پاکستان میں مکمل دفاع کیا اور پورے ملک میں اس پر پابندی عائد کروائی۔

(تاریخ وصولی جواب 10 مارچ 2020)

## پولٹری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ راولپنڈی کا قیام اور رقبہ سے متعلقہ تفصیلات

*2043: **چودھری اشرف علی:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات و ڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) Poultry Research Institute Rawalpindi کا قیام کب عمل میں لایا گیا اور یہ کتنے رقبہ پر محیط ہے؟

(ب) Poultry Research Institute Rawalpindi کے قیام کے اغراض و مقاصد سے آگاہ فرمائیں۔

(ج) اس وقت مذکورہ Poultry Research Institute پر کتنی اقسام کی مرغیوں کے کتنے Flocks موجود ہیں۔

(د) جنوری 2018 سے آج تک مذکورہ Poultry Research Institute پر مرغیوں کے کتنے Flocks تیار کئے گئے اور ان کی فروخت سے کتنی آمدن حاصل ہوئی تفصیلات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 13 مارچ 2019 تاریخ ترسیل 9 جولائی 2019)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) پولٹری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، راولپنڈی کا قیام 1975 میں عمل میں لایا گیا اور یہ ادارہ 56 کنال رقبہ پر محیط ہے

(ب)پولٹری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، راولپنڈی کے قیام کے اغراض و مقاصد درج ذیل ہیں۔

1۔ مرغیوں کی مختلف بیماریوں کی تشخیص اور روک تھام

2۔ عمدہ نسل کی دیہی مرغیوں کا فروغ

3۔ مرغبانی سے متعلقہ تعلیم و تربیت کی فراہمی،

4۔ پولٹری سیکٹر سے متعلقہ قوانین کا نفاذ

5۔ دیہی و تجارتی مرغبانی کیلئے مختلف شعبوں کے مسائل پر تحقیق کرنا۔

(ج)اس وقت مذکورہ Poultry Research Institute پر درج ذیل اقسام کی مرغیوں کے flocks موجود ہیں۔

| نمبر شمار | اقسام | تعداد |
|---|---|---|
| 1 | گولڈن(Rhode Island Red) | 1300 |
| 2 | مصری(Fayoumi) | 2400 |
| 3 | بلیک آسٹر الارپ(B. Australorp) | 2020 |
| 4 | گنجی(Naked Neck) | 230 |
| 5 | دیسی(Desi) | 625 |
| 6 | ریفی(RIFI Cross) | 1190 |
| 7 | فری(FIRI Cross) | 857 |
| | کل میزان | 8622 |

(د) جنوری 2018 تا جون 2021 پولٹری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ پر فلاک کی تعداد کل 87356 پرندے رہی۔ جن سے 2009036 چوزوں کی بدولت 34.88 ملین روپے کی آمدن حاصل ہوئی۔

(تاریخ وصولی جواب 03 اگست 2021)

## صوبہ میں لائیو سٹاک کے حوالے سے Gender Mainstreaming کی بہتری کیلئے حکومتی اقدامات سے متعلقہ تفصیلات

*3072: **محترمہ عظمٰی کاردار:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات و ڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

الف) محکمہ لائیو سٹاک نے صوبے میں Gender Mainstreaming کے حوالے سے کیا اقدام اٹھائے ہیں؟

(ب) کیا کوئی Gender Action plan 2019-20 کے لیے تیار کیا گیا ہے اگر تو ہاں اس مقصد کے لئے کونسی سکیمز بنائی گئی ہیں۔

(ج) ان سکیمز کے لئے Fund Allocation کی تفصیل سے آگاہ کیا جائے۔

(تاریخ وصولی 13 مارچ 2019 تاریخ ترسیل 9 جولائی 2019)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) محکمہ لائیوسٹاک نے صوبے میں Gender Mainstreaming کے حوالے سے مندرجہ ذیل اقدامات اٹھائے ہیں:۔

1۔ حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق خواتین کا ملازمت میں 15 فیصد کوٹہ مختص ہے جس پر عمل درآمد ہو رہا ہے۔

2۔ مختلف امور کے حوالے سے جہاں پر کمیٹی کی ضرورت ہوتی ہے تمام ضروری وانتظام کے لئے ایک خاتون ممبر کو لازمی شامل کیا جاتا ہے۔

(ب) سال 20-2019 کے لئے کوئی Gender Action plan تیار نہ کیا گیا ہے اور نہ ہی کوئی سکیم بنائی گئی ہے۔

(ج) اس سکیم کے لیے کوئی Fund Allocation نہ کی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 03 اگست 2021)

## سرگودھا: پی پی 72 بھیرہ میں ویٹرنری ہسپتال وڈسپنسریوں کی تعداد اور میسر سہولیات سے متعلقہ تفصیلات

*3267: **جناب صہیب احمد ملک:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی 72 تحصیل بھیرہ (سرگودھا) میں کتنے ویٹرنری ہسپتال اور ڈسپنسریاں کہاں کہاں ہیں؟

(ب) ان میں کتنے ڈاکٹر اور دیگر عملہ کام کر رہا ہے کتنی اسامیاں کس کس جگہ خالی ہیں۔

(ج) کون کون سے ویٹرنری ہسپتال اور ڈسپنسریوں میں ڈاکٹر اور عملہ نہ ہونے کی وجہ سے عملاً بند ہیں۔

(د) ان کی عمارات کی حالت کیسی ہے۔

(ہ) کیا ان میں جانوروں کا مناسب علاج ہوتا ہے اور ان کے لئے ویٹرنری ادویات میسر ہیں۔

(و) کیا حکومت ان ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں کی بلڈنگ جو خستہ حالت میں ہیں ان کو بنانے اور دیگر سہولیات فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نیز تحصیل بھیرہ کے ویٹرنری ہسپتال میں میڈیسن کی مد میں 19-2018 اور 20-2019 میں کتنا فنڈز دیا گیا ہے اور ان فنڈز کو کس مد میں خرچ کیا گیا تفصیل فراہم کی جائے۔

(تاریخ وصولی 3 اکتوبر 2019 تاریخ ترسیل 19 دسمبر 2019)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) پی پی 72 تحصیل بھیرہ (سرگودھا) میں کل 4 ویٹرنری ہسپتال اور 7 ڈسپنسریاں ہیں۔ ان کے محل وقوع کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام ویٹرنری ہسپتال/ڈسپنسری | مقام ویٹرنری ہسپتال/ڈسپنسری |
|---|---|---|

| | | |
|---|---|---|
| 1 | سول ویٹرنری ہسپتال بھیرہ | نزد تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال بھیرہ |
| 2 | سول ویٹرنری ہسپتال میانی | ملک وال روڈ میانی |
| 3 | سول ویٹرنری ہسپتال چک مبارک | نزد گورنمنٹ بوائز ہائی سکول چک مبارک |
| 4 | سول ویٹرنری ہسپتال سردارپور نون | نزد گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سردارپور نون |
| 5 | سول ویٹرنری ڈسپنسری مڈ پر گانہ | گاؤں مڈ پر گانہ ملحقہ جناز گاہ مڈ پر گانہ |
| 6 | سول ویٹرنری ڈسپنسری جگت پور | نزد گورنمنٹ پرائمری سکول دھوپ سڑی |
| 7 | سول ویٹرنری ڈسپنسری کلیان پور | نزد بنیادی ہیلتھ یونٹ ملکوال روڈ کلیان پور |
| 8 | سول ویٹرنری ڈسپنسری ویرووال | نزد گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ویرووال |
| 9 | سول ویٹرنری ڈسپنسری حضور پور | بھیرہ ملکوال روڈ مین حضور پور |
| 10 | سول ویٹرنری ڈسپنسری طرطی پور | نزد ڈیرہ گوندلا والہ طرطی پور |
| 11 | سول ویٹرنری ڈسپنسری خان محمد والا | نزد پل نہر خان محمد والا |

(ب) مذکورہ ویٹرنری اداروں میں 3 ویٹرنری ڈاکٹر اور 42 کی تعداد میں دیگر عملہ کام کر رہا ہے۔ جبکہ ان اداروں میں 13 اسامیاں خالی ہیں۔ جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسری | نام اسامی مع سکیل | تعداد خالی اسامی |
|---|---|---|---|
| 1 | سول ویٹرنری ہسپتال بھیرہ | ایڈیشنل پرنسپل ویٹرنری آفیسر BS-19 | 01 |
| | | ویٹرنری اسسٹنٹ BS-9 | 02 |
| | | کیٹل اٹنڈنٹ BS-1 | 02 |
| 02 | سول ویٹرنری ڈسپنسری مڈ پر گانہ | ویٹرنری آفیسر BS-17 | 01 |
| | | سینٹری ورکر BS-1 | 01 |
| 03 | سول ویٹرنری ہسپتال چک مبارک | ویٹرنری آفیسر BS-17 | 01 |
| 04 | سول ویٹرنری ڈسپنسری خان محمد والا | ویٹرنری اسسٹنٹ BS-09 | 01 |
| 05 | سول ویٹرنری ڈسپنسری کلیان پور | کیٹل اٹنڈنٹ BS-1 | 01 |
| | | سینٹری ورکر BS-1 | 01 |
| 06 | سول ویٹرنری ڈسپنسری حضور پور | سینٹری ورکر BS-1 | 01 |
| 07 | سول ویٹرنری ڈسپنسری جگت پور | سینٹری ورکر BS-1 | 01 |
| | ٹوٹل | | 13 |

(ج) کوئی ویٹرنری ہسپتال اور ڈسپنسری عملہ کی کمی کی وجہ سے بند نہ ہے۔

(د)مذکورہ ویٹرنری اداروں کی عمارات کی حالت بہتر ہے۔ جبکہ سول ویٹرنری ہسپتال میانی کی حالت خراب ہے۔

(ہ)جی ہاں، مذکورہ ویٹرنری اداروں میں جانوروں کا مناسب علاج ہوتا ہے اور ویٹرنری ادویات مناسب مقدار میں موجود ہیں۔

(و)جی ہاں، حکومت سول ویٹرنری ہسپتال میانی کی مرمت کا ارادہ رکھتی ہے۔ تحصیل بھیرہ کے ویٹرنری ہسپتالوں میں میڈیسن میں کوئی فنڈ نہ دیا گیا تاہم ادویات فراہم کی گئیں۔

(تاریخ وصولی جواب 10مارچ2020)

## صوبہ کے ویٹرنری ہسپتالوں میں محکمہ کی طرف سے مہیا کردہ ونڈا کے نایاب ہونے سے متعلقہ تفصیلات

*3321: **جناب عبدالرؤف مغل**: کیاوزیر امور پرورش حیوانات و ڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر کے تمام ویٹرنری ہسپتالوں میں جون 2019 سے اکتوبر 2019 تک 5 ماہ تک جانوروں کے لیے ونڈا جو کہ محکمہ کی طرف سے مہیا کیا جاتا تھا نایاب ہے۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ تین ماہ نئی پروکیورمنٹ پالیسی کا بہانہ بنا کر ونڈا سپلائی بند رکھی گئی۔

(تاریخ وصولی14اکتوبر2019 تاریخ ترسیل18دسمبر2019)

### جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) یہ درست نہ ہے۔

(ب) ونڈا کی سپلائی بلاتعطل جاری رہتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب24دسمبر2021)

## تحصیل صادق آباد میں ویٹرنری ہسپتالوں کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*3336: **جناب ممتاز علی**: کیاوزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) تحصیل صادق آباد میں کتنے ویٹرنری ہسپتال ہیں؟

(ب) کیا صادق آباد میں موبائل ویٹرنری ہسپتال کی سہولت موجود ہے۔

(ج) صادق آباد میں سالانہ اوسطاً کتنے بیمار جانوروں کا علاج کیا جاتا ہے۔

(د) صادق آباد میں قائم ویٹرنری ہسپتال میں تعینات ڈاکٹرز اور دیگر مستقل تعینات عملہ کی تفصیل فراہم فرمائیں۔

(تاریخ وصولی14اکتوبر2019 تاریخ ترسیل18دسمبر2019)

### جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) تحصیل صادق آباد میں کل 16 ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسریز ہیں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) صادق آباد میں سالانہ اوسطاً ایک لاکھ بیمار جانوروں کا علاج کیا جاتا ہے۔

(د) صادق آباد میں قائم ویٹرنری ہسپتال میں تعینات ڈاکٹرز اور دیگر مستقل عملہ کی تفصیل (Annex-A) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 مارچ 2020)

## ضلع ننکانہ صاحب کے ویٹرنری ہسپتالوں میں منہ کھر کی بیماری کی ویکسین کے ناپید ہونے سے متعلقہ تفصیلات

*3341: **آغا علی حیدر:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی پی 134 ننکانہ صاحب میں جانوروں میں منہ کھر کی بیماری عام ہو چکی ہے جس سے متعدد جانور مر چکے ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ننکانہ صاحب کے ویٹرنری ہسپتالوں میں منہ کھر کی ویکسین دستیاب نہ ہے جس کی وجہ سے جانوروں کا علاج نہ ہو رہا ہے۔

(ج) اگر جواب اثبات میں ہیں تو کیا حکومت اس حلقہ کے ویٹرنری ہسپتالوں میں مذکورہ ویکسین فراہم کرنے کو تیار ہے تو کب تک نہیں تو وجوہات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 14 اکتوبر 2019 تاریخ ترسیل 18 دسمبر 2019)

### جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) یہ درست نہ ہے۔

(ب) یہ بھی درست نہ ہے۔

(ج) جواب اثبات میں نہ ہے۔ حکومت اس حلقہ کے ویٹرنری ہسپتالوں میں منہ کھر کی ویکسین مناسب مقدار میں فراہم کرتی ہے جو کہ جانوروں کو لگائی جاتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 مارچ 2020)

## صوبہ میں لائیوسٹاک بریڈنگ سروسز اتھارٹی کی کارکردگی اور مختص فنڈز سے متعلقہ تفصیلات

*3485: **محترمہ مومنہ وحید:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)لائیوسٹاک بریڈنگ سروسز اتھارٹی کی گزشتہ ایک سال کی کارکردگی کیا ہے؟

(ب)لائیوسٹاک بریڈنگ سروسز اتھارٹی کومالی سال20-2019 میں کتنے فنڈز فراہم کئے گئے۔

(تاریخ وصولی6نومبر2019 تاریخ ترسیل13 جنوری2020)

## جواب

## وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)لائیوسٹاک بریڈنگ سروسز اتھارٹی کی گزشتہ ایک سال(21-2020)کی کارکردگی حسب ذیل ہے۔

| نمبر شمار | Service Provider | تعداد عارضی طور پر رجسٹرڈ |
|---|---|---|
| 1 | سیمن پروڈکشن یونٹ | 20 |
| 2 | سیمن درآمد کرنے والے | 27 |
| 3 | سیمن ڈسٹری بیوٹر | 130 |
| 4 | مصنوعی نسل کشی کرنے والے ادارے | 08 |
| 5 | مصنوعی نسل کشی کرنے والے ٹیکنیشنز | 3244 |
| 6 | بفلو بریڈرز ایسوسی ایشن پنجاب | 02 |

اس کے علاوہ ساہیوال نسل کی اوصاف اور پرکھنے کے معیار کی کتاب بھی شائع کی گئی۔

(ب)لائیوسٹاک بریڈنگ سروسز اتھارٹی کومالی سال20-2019 میں کل 6.425 ملین فنڈز فراہم کیے گئے۔

(تاریخ وصولی جواب10مارچ2020)

## لاہور: سلاٹر ہاؤس شاہ پور کانجراں میں ذبح کردہ جانوروں کے معیار سے متعلقہ تفصیلات

*3486: **محترمہ مومنہ وحید:** کیاوزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)سلاٹر ہاؤس شاہ پور کانجراں میں روزانہ کتنے جانور ذبح کئے جاتے ہیں؟

(ب)سلاٹر ہاؤس شاہ پور کانجراں میں کیا جانور ذبح کرانے کے لئے کوئی فیس بھی مقرر کی گئی ہے۔

(ج)سلاٹر ہاؤس شاہ پور کانجراں میں صحت مند جانوروں کو ذبح کرنے کے لئے چناؤ کا کیا معیار مقرر کیا گیا ہے۔

(تاریخ وصولی6نومبر2019 تاریخ ترسیل13 جنوری2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)۔ سلاٹر ہاؤس شاہ پور کانجراں میں روزانہ اوسطاً 500 بڑے جانور اور 6000 چھوٹے جانور ذبح کئے جاتے ہیں۔

(ب)۔ سلاٹر ہاؤس شاہ پور کانجراں میں بڑا جانور ذبح کرنے کی فیس فی جانور 800 روپے اور چھوٹا جانور ذبح کرنے کی 135 روپے مقرر کی گئی ہے۔

(ج) سلاٹر ہاؤس شاہ پور کانجراں میں صحت مند جانوروں کو ذبح کرنے کیلئے ہر جانور کا Antemortem/Postemortem تربیتی یافتہ ویٹرنری ڈاکٹروں کی زیر نگرانی کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ہر جانور کو سلاٹر ہاؤس کی منظور شدہ سٹیمپ کے ساتھ QR Verifiable Tag لگایا جاتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 24 دسمبر 2021)

## مویشی پال سکیم کے تحت 2019 تا حال فنڈز کے اجراء سے متعلقہ تفصیلات

*3612: **محترمہ رابعہ نسیم فاروقی:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت مویشی پال سکیم کے تحت کاشتکاروں کو آسان اقساط پر قرضہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں تو وجہ بیان فرمائیں؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ حکومت نے دودھ اور گوشت کی قلت کو پورا کرنے کے لئے کوئی اقدامات نہیں اٹھائے وجہ بیان فرمائیں۔

(ج) مویشی پال سکیم کے لئے تحت 2019 سے آج تک کتنا فنڈ رکھا اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے نیز 2019 اور آج تک فنڈ کن کن علاقوں کے زمینداروں کو دیا گیا علاقہ وائز ناموں کی تفصیل اور رقم کی تفصیل فراہم فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 25 نومبر 2019 تاریخ ترسیل 20 جنوری 2020)

## جواب

وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) اس قسم کی کوئی سکیم زیر غور نہ ہے۔

(ب) یہ درست نہ ہے۔

(ج) جواب جز "الف" میں دے دیا گیا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 مارچ 2020)

## لاہور: یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز کے قیام اور مختلف شعبوں میں داخلہ جات سے متعلقہ تفصیلات

*3645: **چودھری اختر علی:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کب بنی اس کا رقبہ کتنا ہے اور اس میں کس کس شعبہ میں تعلیم دی جا رہی ہے؟

(ب) اس کے صوبہ بھر میں کتنے کیمپس کہاں کہاں ہیں۔

(ج) اس یونیورسٹی کے تحت D.V.M کی کلاسز میں آخری دفعہ کب داخلہ ہوا ہے داخل ہونے والے طالب علموں کی تعداد کیمپس وائز بتائیں۔

(د) ان میں داخلہ کا طریق کار بتائیں میرٹ کس طرح تشکیل دیا جاتا ہے۔

(ہ) ہر کیمپس میں داخل طالب علموں کا نام ولدیت مع ایف ایس سی کے نمبرز بتائیں۔

(و) Open میرٹ کے علاوہ کس کس بنیاد پر داخلہ دیا گیا ہے ان میں داخل طالب علموں کی تفصیل علیحدہ علیحدہ بتائیں۔

(تاریخ وصولی 25 نومبر 2019 تاریخ ترسیل 20 جنوری 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور 8 جون 2002 کو بنائی گئی۔ اس کا کل رقبہ 54 ایکڑ، 3 کنال اور 11 مرلے ہے۔ یونیورسٹی میں 80 شعبہ جات کی تعلیمات دی جا رہی ہیں۔ تفصیل (Annex-A) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) یونیورسٹی کے صوبہ بھر میں کیمپس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱۔ سٹی کیمپس لاہور

۲۔ راوی کیمپس پتوکی، قصور

۳۔ کالج آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، جھنگ کیمپس

۴۔ خان بہادر چوہدری مشتاق احمد کالج آف ویٹرنری ایند اینیمل سائنسز، نارووال کیمپس

۵۔ پیراویٹرنری انسٹیٹیوٹ، لیہ کیمپس

(ج)یونیورسٹی کے تحت DVM کی کلاسز میں آخری دفعہ داخلہ 20-2019 سیشن میں ہوا ہے اور DVM میں داخل ہونے والے طالب علموں کی تعداد کیمپس وائز درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام کیمپس | تعداد طالب علم |
| --- | --- | --- |
| 1۔ | سٹی کیمپس لاہور | 211 |
| 2۔ | جھنگ کیمپس | 96 |
| 3۔ | نارووال کیمپس | 43 |

(د)ان میں داخلہ کا طریق کار مندرجہ ذیل ہے۔

(F.Sc )50% weightage#

(MDCAT Current Year)50% weightage#

مجوزہ طریقہ کار کا نوٹیفکیشن (Annex-B) ایوان کی میز پر رکھ دیا گیا ہے۔

(ہ)ہر کیمپس میں داخل طالب علموں کی تفصیل (Annex-C) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(و)OPEN میرٹ کے علاوہ داخل طالب علموں کی تفصیل (Annex-D) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 مارچ 2020)

## ضلع ننکانہ صاحب: کٹاپال سکیم کے طریق کار سے متعلقہ تفصیلات

*3737: **آغا علی حیدر:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ننکانہ صاحب میں جو کٹاپال سکیم کے لئے ہر یونین کونسل میں 2۔2 افراد کو 6500 روپے فی کس دیئے جارہے ہیں ان کا کیا طریق کار، معیار اور پیمانہ ہے؟

(ب) کن کن افراد کو دیئے جارہے ہیں ان کے نام بتائے جائیں۔

(تاریخ وصولی 29 نومبر 2019 تاریخ ترسیل 11 فروری 2020)

### جواب

**وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ**

(الف) ضلع ننکانہ صاحب میں جو کٹاپال سکیم چل رہی ہے اس کے تحت یونین کونسل میں

2-2افراد کی تعداد متعین نہیں ہے اور ضلع ننکانہ صاحب میں کٹا پال سکیم کے لیے 141 فارمرز کے 700 کٹے رجسٹرڈ کیے گئے اور فی کس جانور 4000 روپے بطور سبسڈی دیئے جا رہے ہیں۔

ضلع ننکانہ صاحب میں جو کٹا پال سکیم چل رہی ہے۔ ان کا طریق کار، معیار اور پیمانہ مندرجہ ذیل ہے:

1۔ ضلع ننکانہ صاحب کے تمام فارمرز حضرات درخواست دینے کے اہل ہیں۔

2۔ کٹے ایک دن سے 1.5 سال تک کی عمر کے رجسٹرڈ کیے جائیں گے۔

3۔ ایک فارمر زیادہ سے زیادہ 25 کٹے رجسٹرڈ کروا سکتا ہے۔

4۔ کٹے متبادل خوراک / ٹی۔ایم۔آر پر پالے جائیں گے۔

5۔ رجسٹریشن کے بعد سے 90 دن تک کٹے پالنے کی تصدیق کے بعد مالکان کو مبلغ -/4000 روپے فی کٹا محکمہ کیطرف سے مالی معاونت دی جائیگی۔

6۔ جو کٹے محکمہ کی طرف سے مقرر کردہ وزن (کم از کم 700 گرام اوسطاً روزانہ) کے مطابق بڑھوتری نہیں کریں گے انکو سکیم سے خارج کر دیا جائے گا۔

(ب) ضلع ننکانہ صاحب میں جن افراد کو کٹا پال سکیم میں رجسٹرڈ کیا گیا۔ ان کے نام کی تفصیل (Annex-A) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 مارچ 2020)

## ضلع بہاولپور: چولستان یونیورسٹی آف اینیمل اینڈ ویٹرنری سائنسز میں ٹیچنگ سٹاف اور وی سی کی تعیناتی سے متعلقہ تفصیلات

*3750: **جناب ظہیر اقبال:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) چولستان یونیورسٹی آف اینیمل اینڈ ویٹرنری سائنسز بہاولپور کس جگہ اور کس بلڈنگ میں کام کر رہی ہے؟

(ب) اس کی اپنی بلڈنگ کہاں تعمیر ہو رہی ہے اور کب تک مکمل ہو گی۔

(ج) کیا یہ درست ہے کہ اس یونیورسٹی میں دو سمیسٹر میں داخلے ہو چکے ہیں مگر اس میں ٹیچنگ سٹاف کے ساتھ ساتھ دیگر اعلیٰ عہدے خالی ہیں خاص کر V.C کی تعیناتی ابھی تک نہیں ہوئی ہے۔

(د) کیا حکومت اس یونیورسٹی میں V.C سمیت تمام خالی اسامیاں پر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 29 نومبر 2019 تاریخ ترسیل 11 فروری 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) حکومت پنجاب کے نوٹیفکیشن No.563-2015/521-CS.II Dated 20.05.2015 کے تحت چولستان یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، بہاولپور کو چک نمبر 11/B.C نزد D.H.A بہاولپور میں 1000 ایکڑ زمین الاٹ کی گئی ہے اور یہ یونیورسٹی اسی زمین پر تعمیر شدہ عمارات میں کام کر رہی ہے۔

(ب) جیسا کہ سوال الف میں بیان کیا گیا ہے کہ یہ یونیورسٹی چک نمبر 11/BC نزد D.H.A بہاولپور میں حکومت پنجاب کے پراجیکٹ "Establishment of Cholistan University of Veterinary and Animal Science,Bahawalpur" کے تحت تعمیر ہو رہی ہے اور اس کی مدت تکمیل 30.12.2020 مقرر تھی جو کہ مکمل ہو چکی ہے۔

(ج) یہ درست ہے کہ یونیورسٹی میں دو سمسٹر میں داخلے ہو چکے ہیں مزید یہ کہ پروفیسر ڈاکٹر محمد سجاد خان مورخہ 25.01.2020 سے پہلے باقاعدہ وائس چانسلر تعینات ہو چکے ہیں اور اس کے علاوہ مختلف شعبہ جات میں 101 اساتذہ اکرام اور دیگر عہدہ داران خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

(د) حکومت پنجاب نے پروفیسر ڈاکٹر محمد سجاد خان کو مورخہ 25.01.2020 سے پہلے باقاعدہ وائس چانسلر کے طور پر تعینات کر دیا ہے اور اسکے علاوہ باقی خالی اسامیوں کو پر کرنیکا کام جلد شروع کر دیا جائے گا۔

(تاریخ وصولی جواب 03 اگست 2021)

## لاہور: پی پی 154 اور داروغہ والا میں ویٹرنری ہسپتال وڈسپنسریوں کی تعداد اور ادویات سے متعلقہ تفصیلات

* 3773: **چودھری اختر علی:** کیا وزیر امور پروش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی 154 اور داروغہ والا ٹاؤن لاہور میں کہاں کہاں ویٹرنری ہسپتال اور ڈسپنسریاں ہیں؟

(ب) ان ڈسپنسریوں اور ہسپتالوں کی صورت حال کیسی ہے۔

(ج) ان ڈسپنسریوں اور ویٹرنری ہسپتالوں میں روزانہ کتنے جانوروں کا علاج کیا جاتا ہے۔

(د) کیا ان میں ڈاکٹرز اور دیگر ملازمین پورے ہیں ان میں تعینات ملازمین کے نام، عہدہ اور گریڈ بتائیں۔

(ہ) ان میں کون کون سی ادویات دستیاب ہیں ان کے سال 20-2019 کے اخراجات کی تفصیل مد وائز بتائیں۔

(و) اس علاقہ میں مزید ویٹرنری ہسپتال یا ڈسپنسری حکومت کھولنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 3 دسمبر 2019 تاریخ ترسیل 17 فروری 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات و ڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) پی پی 154 اور داروغہ والا ٹاؤن لاہور میں کوئی ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسری موجود نہ ہے۔

(ب) جواب جز "الف" میں دے دیا گیا ہے۔

(ج) جواب جز "الف" میں دے دیا گیا ہے۔

(د) جواب جز "الف" میں دے دیا گیا ہے۔

(ہ) جواب جز "الف" میں دے دیا گیا ہے۔

(و) حکومت اس حلقہ میں کوئی نیا ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسری کھولنے کا ارادہ نہ رکھتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 مارچ 2020)

## پنڈ دادنخان میں ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسری کے اوقات اور ایمرجنسی کی سہولیات سے متعلقہ تفصیلات

*3833: **جناب ناصر محمود**: کیا وزیر امور پرورش حیوانات و ڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) تحصیل پنڈ دادنخان (جہلم) میں کتنے ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسری کہاں کہاں قائم ہیں؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ کسی بھی ویٹرنری ہسپتال میں شام / رات کے اوقات میں ایمرجنسی کی سہولت نہ ہے۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ تحصیل پنڈ دادنخان کے کسی بھی ویٹرنری ہسپتال میں بیمار جانور داخل کرنے کی سہولت نہ ہے۔

(د) اس تحصیل میں ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسری میں تعینات ڈاکٹرز و عملہ کے نام و عہدہ جات کی تفصیل فراہم فرمائیں۔

(ہ) حکومت مذکورہ ویٹرنری سنٹروں کے مسائل کب تک حل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے نیز تحصیل پنڈ دادنخان میں میڈیسن کی مد میں 18-2017 اور 19-2018 میں کتنا فنڈز دیا گیا ہے تفصیل فراہم فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 3 دسمبر 2019 تاریخ ترسیل 17 فروری 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات و ڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) تحصیل پنڈ دادنخان جہلم میں چار ویٹرنری ہسپتال اور دو ڈسپنسریز قائم ہیں۔ جن کے محل وقوع کی تفصیل حسب ذیل ہے:

1۔ ویٹرنری ہسپتال پنڈ دادنخان

2۔ویٹرنری ہسپتال للہ

3۔ویٹرنری ہسپتال پنن وال

4۔ویٹرنری ہسپتال جلال پور شریف

5۔ویٹرنری ڈسپنسری کانیاوالا

6۔ویٹرنری ڈسپنسری چک دانیال

(ب)جی ہاں یہ درست ہے۔

(ج)جی ہاں یہ درست ہے۔

(د)مذکورہ تحصیل کے ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسری میں تعینات ڈاکٹر و عملہ کے نام و عہدہ جات کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | نام ڈاکٹر / اہلکار | عہدہ | جگہ تعیناتی |
|---|---|---|---|
| 1 | ڈاکٹر محمد احمد | ویٹرنری آفیسر | ویٹرنری ہسپتال پنن وال |
| 2 | عظمت اقبال | اے آئی ٹی | اے آئی سنٹر پنن وال |
| 3 | محمد عظیم | ویٹرنری اسسٹنٹ | ویٹرنری ہسپتال پنن وال |
| 4 | خالد محمود | ویٹرنری اسسٹنٹ | ویٹرنری ڈسپنسری چک دانیال |
| 5 | ریاست محمود | اے آئی ٹی | اے آئی سب سنٹر پنڈ دادنخان |
| 6 | سجاد حسین | ویٹرنری اسسٹنٹ | ویٹرنری ہسپتال جلال پور شریف |
| 7 | سمیر قادر | اے آئی ٹی | ویٹرنری ہسپتال جلال پور شریف |
| 8 | محمد کاشف | ویٹرنری اسسٹنٹ | ویٹرنری ہسپتال للہ |
| 9 | احسان الحق | اے آئی ٹی | ویٹرنری ہسپتال للہ |

(ہ)حکومت مذکورہ ویٹرنری سنٹروں کے مسائل بتدریج حل کر رہی ہے۔ نیز سال 18-2017 اور 19-2018 میں تحصیل پنڈ دادنخان کے ویٹرنری ہسپتالوں میں میڈیسن کی مد میں کوئی فنڈ زنہ دیا گیا تاہم ادویات فراہم کی گئیں۔

(تاریخ وصولی جواب 10 مارچ 2020)

## فیصل آباد: محکمہ امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ کا سال کا بجٹ اور تصرف سے متعلقہ تفصیلات

*3980: **جناب محمد طاہر پرویز:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع فیصل آباد محکمہ امور پرورش وڈیری ڈویلپمنٹ کا سال 20-2019 کا مد وائز بجٹ کتنا ہے کتنا خرچ ہو چکا ہے اور کتنا بقایا ہے؟

(ب)اس بجٹ سے کتنی رقم سے کس کس ویٹرنری ہسپتال اور ویٹرنری ڈسپنسری کی تعمیر کی جارہی ہے۔

(ج) کتنی مالیت کی ادویات خرید کی جائیں گی اور کتنی مالیت کے کون کون سے ویٹرنری ہسپتالوں /ڈسپنسریوں کے لئے آلات یا مشینری خرید کی جائے گی۔

(د) کتنی رقم کس کس دفتر کی تزئین وآرائش پر خرچ کی جائے گی۔

(ہ) کتنی رقم سرکاری ملازمین کی تنخواہوں پر خرچ ہو گی۔

(تاریخ وصولی 28 دسمبر 2019 تاریخ ترسیل 26 فروری 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) ضلع فیصل آباد میں محکمہ امور پرورش وڈیری ڈویلپمنٹ کا سال 20-2019 کا بجٹ 359.092 ملین روپے ہے۔ جس کی تفصیل (Annex-A) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) اس بجٹ سے ضلع فیصل آباد میں سال 20-2019 میں کسی بھی ویٹرنری ہسپتال اور ڈسپنسری کی تعمیر نہ کی گئی ہے۔

(ج) ضلع فیصل آباد میں سال 20-2019 کے دوران 21.65 ملین روپے کی ادویات فراہم کی گئیں۔ مزید بر آں کسی بھی ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسریوں کے لیے اس سال کوئی نئی مشینری یا آلات نہ خریدے گئے۔

(د) کسی دفتر کی تزئین وآرائش نہ کی گئی ہے۔

(ہ) ضلع فیصل آباد میں محکمہ کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں پر سال 20-2019 میں 318.820 ملین روپے خرچ ہوئے ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اکتوبر 2020)

## فیصل آباد: محکمہ کے تحت ویٹرنری ہسپتالوں کی تعداد اور ملازمین سے متعلقہ تفصیلات

*3981: **جناب محمد طاہر پرویز:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع فیصل آباد میں محکمہ امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ کے تحت کون کون منصوبے چل رہے ہیں؟

(ب) اس ضلع میں کتنے ویٹرنری ہسپتال کہاں کہاں ہیں اور ان کا رقبہ کتنا ہے۔

(ج) فیصل آباد شہر میں ویٹرنری ہسپتال کتنے ہیں اور ان میں کتنے ملازمین تعینات ہیں ان کے نام عہدہ اور گریڈ بتائیں۔

(د) فیصل آباد شہر میں کتنے دفاتر کہاں کہاں ہیں کتنے ملازمین ان میں کام کر رہے ہیں ان کا مالی سال 20-2019 کا بجٹ کتنا ہے اور ان کے انچارج صاحبان کون کون سے ملازمین ہیں ان کا عہدہ اور گریڈ بتائیں۔

(تاریخ وصولی 28 دسمبر 2019 تاریخ ترسیل 26 فروری 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)ضلع فیصل آباد میں محکمہ امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ کے تحت درج ذیل منصوبے چل رہے ہیں۔

1۔ کٹابچاؤ پروگرام 2۔ کٹا فربہ پروگرام 3۔ مرغیوں کی تقسیم

(ب)اس ضلع میں 94 ویٹرنری ہسپتال کام کر رہے ہیں۔ان کے محل وقوع اور رقبہ کی تفصیل (Annex-A) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)فیصل آباد شہر میں 3 ویٹرنری ہسپتال ہیں اور ان میں 17 ملازمین تعینات ہیں جن کے نام، عہدہ اور گریڈ کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)فیصل آباد شہر میں محکمہ کے تین دفاتر ہیں۔

ڈویژنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک فیصل آباد کمشنر کمپلیکس، اینٹی کرپشن بلڈنگ میں واقع ہے۔اس میں 15 ملازم کام کر رہے ہیں۔اس دفتر کا مالی سال 20-2019 ملازمین کا بجٹ 7.554 ملین روپے ہے۔اور اس کے انچارج ڈویژنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک فیصل آباد BS-20 میں کام کر رہے ہیں۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک، کمشنر کمپلیکس ای ڈی او پلازہ فیصل آباد میں ہے۔اس میں 22 ملازمین کام کر رہے ہیں اس دفتر کا مالی سال 20-2019 ملازمین کا بجٹ 13.923 ملین روپے ہے اور اس کے انچارج ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک BS-19 میں کام کر رہے ہیں۔

ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک فیصل آباد شفاء خانہ حیوانات لیاقت روڈ فیصل آباد پر موجود ہے۔اس میں ایک ملازم کام کر رہا ہے۔اس دفتر کا مالی سال 20-2019 ملازمین کا بجٹ 1.340 ملین روپے ہے۔اور اس کے انچارج ڈپٹی ڈائریکٹر فیصل آباد BS- 18 میں کام کر رہے ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اکتوبر 2020)

## قصور: ویٹرنری ہسپتال، ڈسپنسریاں اور موبائل یونٹ کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*3985: **ملک محمد احمد خاں**: کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)قصور ضلع کی حدود میں کتنے ویٹرنری ہسپتال اور ڈسپنسریاں ہیں؟

(ب)کتنے موبائل یونٹ اس ضلع میں کام کر رہے ہیں۔

(ج)ان ویٹرنری ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں کے مالی سال 20-2019 کے اخراجات کی تفصیل فراہم فرمائیں۔

(د)ان میں کون کونسی اسامیاں خالی ہیں ان میں کون کونسی سہولیات میسر ہیں اور ان میں کون کون سہولیات حکومت فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(ہ)ان میں سے کس کس سنٹر کی عمارت خستہ حالت میں ہے اور کتنے سنٹرز کی عمارات موجودہ مالی سال میں تعمیر کی جارہی ہیں ان کا تخمینہ لاگت علیٰحدہ علیٰحدہ بتائیں۔

(تاریخ وصولی28دسمبر2019 تاریخ ترسیل26فروری2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)ضلع قصور کی حدود میں 14 ویٹرنری ہسپتال اور 74 ڈسپنسریاں ہیں۔

(ب)اس ضلع میں 05 موبائل یونٹ کام کر رہے ہیں۔

(ج)ان ویٹرنری ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں کے مالی سال 20-2019 کے اخراجات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

| نمبر شمار | ہیڈ | Allocation (ملین روپے) | اخراجات (ملین روپے) |
|---|---|---|---|
| 1 | تنخواہیں | 187.051 | 183.072 |
| 2 | ویکسین | 14.836 | 14.835 |
| 3 | پٹرول | 4.555 | 4.479 |
| 4 | ٹی اے | 0.887 | 0.886 |
| 5 | فنانشل اسسٹنٹس / پنشن | 11.478 | 11.477 |
| | (Others) | 1.358 | 1.340 |
| | ٹوٹل | 220.166 | 216.093 |

(د)ان میں مندرجہ ذیل اسامیاں خالی ہیں:

| نمبر شمار | نام اسامیاں | خالی اسامیاں |
|---|---|---|
| 1 | سینئر ویٹرنری آفیسر BS-18 | 04 |
| 2 | کیٹل اٹینڈنٹ BS-1 | 07 |

| | | |
|---|---|---|
| 3 | سینٹری ورکر BS-1 | 44 |
| 4 | چوکیدار BS-1 | 02 |
| 5 | ڈرائیور BS-1 | 02 |
| 6 | ٹوٹل | 59 |

حکومت ان ویٹرنری اداروں میں فارمرز کو جانوروں کے علاج معالجہ، بیماریوں کی تشخیص، ویکسینیشن اور مصنوعی نسل کشی جیسی سہولیات بہم پہنچا رہی ہے۔

(ہ)مذکورہ ویٹرنری سنٹرز میں خستہ حال عمارات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔سول ویٹرنری ڈسپنسری چھٹیانوالا تخمینہ لاگت 3.0 ملین

2۔سول ویٹرنری ڈسپنسری ابراہیم آباد تخمینہ لاگت 3.0 ملین

3۔سول ویٹرنری ڈسپنسری رام تھمن تخمینہ لاگت 3.0 ملین

موجودہ سال میں کوئی بھی ڈسپنسری تعمیر نہیں کی جارہی۔

(تاریخ وصولی جواب 03 اگست 2021)

## ضلع گجرات میں جانوروں کے ہسپتالوں کی تعداد اور ڈاکٹروں کی تعیناتی سے متعلقہ تفصیلات

***4118: محترمہ عائشہ اقبال:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع گجرات میں جانوروں کے کل کتنے سرکاری ویٹرنری ہسپتال ہیں؟

(ب)ان ویٹرنری ہسپتالوں میں جانوروں کو دی جانے والی طبی امداد کے طریق کار کو واضح کیا جائے۔

(ج)ان ویٹرنری ہسپتالوں میں کتنے ویٹرنری ڈاکٹر تعینات ہیں نیز ان کی تعیناتی کا طریق کیا ہے۔

(د) مذکورہ بالا ضلع کے ہسپتالوں میں 2019 سے اب تک کتنے جانوروں کو علاج کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔

(ہ) کیا اس سے متعلقہ کوئی ہیلپ لائن یا ویب سائٹ موجود ہے جس سے معلومات کی رسائی ممکن ہو۔

(تاریخ وصولی 10 جنوری 2020 تاریخ ترسیل 9 مارچ 2020)

### جواب

**وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ**

(الف) ضلع گجرات میں جانوروں کے کل 19 سرکاری ویٹرنری ہسپتال ہیں۔

(ب)ان ویٹرنری ہسپتالوں میں جانوروں کو طبی و نسل کشی کی سہولیات دی جاتی ہیں۔ سادہ طریقہ کار سے رجسٹریشن (فارمر کی معلومات )درج کی جاتی ہیں۔ پرچی فیس کی مد میں 5 روپے فی کیس فیس لی جاتی ہے۔

(ج)ان ویٹرنری ہسپتالوں میں 19 ویٹرنری ڈاکٹرز تعینات ہیں اور ان کی تعیناتی پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے عمل میں لائی جاتی ہے۔

(د)مذکورہ بالا ضلع کے ہسپتالوں میں 2019 سے اب تک 6,57,785 جانوروں کو علاج کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔

(ہ) محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ کی ہیلپ لائن 08000-9211 موجود ہے۔ اگر کسی فارمر کو کسی قسم کی معلومات درکار ہوں تو وہ اس ہیلپ لائن پر رابطہ کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ محکمہ کی ویب سائٹ www.livestockpunjab.gov.pk سے بھی معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 03 اگست 2021)

## صوبہ میں شترمرغ کی فارمنگ کیلئے حکومتی اقدامات سے متعلقہ تفصیلات

*4153: **محترمہ رابعہ نسیم فاروقی**: کیا وزیر امور پرورش حیوانات و ڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) حکومت شترمرغ گوشت اور مصنوعات کی مارکیٹنگ کے لئے کیا اقدامات کر رہی ہے؟

(ب) کیا شترمرغ کی فارمنگ کے فروغ کے لئے کوئی منصوبہ جاری ہے تو اس کی تفصیل بیان کی جائے۔

(ج)شترمرغ کی فارمنگ کے لئے عوام کو تربیت کی فراہمی کے لئے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔

(تاریخ وصولی 10 جنوری 2020 تاریخ ترسیل 9 مارچ 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات و ڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) حکومت شترمرغ گوشت اور مصنوعات کی مارکیٹنگ کے لئے ایک منصوبہ 2016 سے 2019 تک مکمل کر چکی ہے۔

(ب)شترمرغ کی فارمنگ کے فروغ کے لئے کوئی منصوبہ جاری نہ ہے۔

(ج)شترمرغ کی فارمنگ کے لئے عوام کو تربیت کی فراہمی کیلئے 274 فارمرز کی تربیت کی گئی۔

(تاریخ وصولی جواب 03 اگست 2021)

## واہگہ ٹاؤن لاہور میں ویٹرنری ہسپتال اور ڈسپنسریوں کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*4157: **محترمہ راحیلہ نعیم**: کیا وزیر امور پرورش حیوانات و ڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) واہگہ ٹاؤن لاہور میں ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسری موجود ہیں تو ان کی تفصیل یونین کونسل وائز بیان فرمائی جائے؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ ان ویٹرنری ہسپتالوں / ڈسپنسریوں میں الٹرا ساؤنڈ اور ایکسرے مشین موجود نہ ہے۔

(ج)واہگہ ٹاؤن میں جانوروں کے علاج کے لئے محکمہ کے پاس کتنے موبائل یونٹ ہیں ان کی تعداد بیان فرمائی جائے۔

(تاریخ وصولی 10 جنوری 2020 تاریخ ترسیل 9 مارچ 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)واہگہ ٹاؤن لاہور میں 8 ویٹرنری ہسپتال موجود ہیں اور ان کی یونین کونسل وائز تفصیل درج ذیل ہے۔

| یونین کونسل | ہسپتال کا نام |
|---|---|
| 179 | سول ویٹرنری ہسپتال بھسین |
| 183 | سول ویٹرنری ہسپتال جلو |
| 180 | سول ویٹرنری ہسپتال منہالہ |
| 181 | سول ویٹرنری ہسپتال تقی پور |
| 190 | سول ویٹرنری ہسپتال پڑھانہ |
| 189 | سول ویٹرنری ہسپتال برکی |
| 190 | سول ویٹرنری ہسپتال ہڈیارہ |
| 190 | سول ویٹرنری ہسپتال گھونڈ |

(ب)جی ہاں یہ درست ہے۔

(ج)واہگہ ٹاؤن میں جانوروں کی علاج کے لئے محکمہ کے پاس 6 موبائل یونٹ ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 03 اگست 2021)

## منہ کھر کی بیماری کے علاج کیلئے تیار کردہ خوراک کی مقدار سے متعلقہ تفصیلات

*4394: **محترمہ سلمیٰ سعدیہ تیمور:** کیاوزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)ویٹرنری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ منہ کھر کی بیماری کی سالانہ کتنی خوراک تیار کرتا ہے۔

(ب)کیا یہ درست ہے کہ منہ کھر کی بیماری کے لیے محکمہ کی طرف سے تیار کردہ خوراک ناکافی ہوتی ہے اور اس بیماری کی دوائی بازار سے خریدنا پڑتی ہے۔

(ج)سال 2019 میں محکہ لائیوسٹاک نے منہ کھر کی کتنی خوراک تیار کی اور کتنی خوراک بازار سے خریدی گئیں۔

(تاریخ وصولی 14 فروری 2020 تاریخ ترسیل 23 جون 2020)

## جواب

## وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)ویٹرنری ریسرچ انسٹیٹیوٹ لاہور میں سال 20-2019 میں منہ کھر ویکسین 8 ملین خوراکیں تیار کیں۔

(ب)جی ہاں، یہ درست ہے کہ منہ کھر کی ویکسین جو محکمہ تیار کرتا ہے وہ ناکافی ہوتی ہیں اس لیے اضافی ویکسین درآمد کرنا پڑتی ہے۔

(ج)وٹرنری ریسرچ انسٹیٹیوٹ لاہور میں سال 20-2019 میں منہ کھر ویکسین 8 ملین خوراک تیار کی ہے اور 4 ملین خوراکیں FAO کے ذریعے درآمد کی ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اکتوبر 2020)

## صوبہ میں جانوروں کے تحفظ کیلئے سنٹروں کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*4421: **محترمہ کنول پرویز چودھری:** کیاوزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)کیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں جانوروں کے تحفظ کا قانون موجود ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو محکمہ جانوروں کے تحفظ سے متعلق کن سیکٹر میں کام کر رہا ہے؟

(ب)انسداد بے رحمی حیوانات کے پاس جانوروں کے تحفظ کے لئے کا کیا طریق کار اپنایا جاتا ہے۔

(ج)صوبہ بھر میں جانوروں کے تحفظ کے لئے کتنے سنٹر کہاں کہاں کام کر رہے ہیں۔

(تاریخ وصولی 14 فروری 2020 تاریخ ترسیل 23 جون 2020)

## جواب

## وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)جی ہاں، یہ درست ہے۔ محکمہ جانوروں کے تحفظ کو یقینی بنانے، پالیسی گائیڈ لائینز اور علاج معالجہ پر کام کر رہا ہے۔

(ب)جانوروں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے قانون کی خلاف ورزی پر جانور کے مالک کا چالان کیا جاتا ہے اور جرمانے کیے جاتے ہیں۔

(ج)صوبہ بھر میں جانوروں کے تحفظ کے لیے 17 سینٹر جو کہ لاہور، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، راولپنڈی، قصور، شیخوپورہ، جھنگ، ملتان، ڈی۔جی۔خان، رحیم یار خان، سرگودھا، اوکاڑہ، گجرات، بہاولپور، بہاولنگر، فیصل آباد اور ساہیوال میں کام کر رہے ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اکتوبر 2020)

## لائیوسٹاک میں جنیٹک ٹیکنالوجی کی افادیت بڑھانے سے متعلقہ تفصیلات

*4435: جناب نصیر احمد: کیا وزیر امور پرورش حیوانات و ڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) لائیوسٹاک میں جدت پیدا کرنے کے لئے جنیٹک ٹیکنالوجی کا استعمال کب سے ہو رہا ہے ؟

(ب) اب تک اس کی وجہ سے کس قدر افادیت حاصل ہوئی ہے۔

(ج) صوبہ بھر میں دودھ کی پیداوار میں خود مختاری حاصل کرنے کے لئے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔

(د) حکومتی وعدہ کے مطابق لائیوسٹاک کے اندر جنیٹک ٹیکنالوجی کو بڑھانے کے لئے اب تک کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔

(تاریخ وصولی 18 فروری 2020 تاریخ ترسیل 23 جون 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات و ڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) لائیوسٹاک میں جدت پیدا کرنے کے لئے جنیٹک ٹیکنالوجی کا استعمال 1980 کی دہائی سے ہو رہا ہے۔

(ب) اس ٹیکنالوجی کے استعمال سے مندرجہ ذیل فوائد حاصل ہوئے ہیں۔

1۔ بل سلیکشن

2۔ سیمن کوالٹی

3 نیلی راوی کے نسلی خواص

4۔I.V.F امبریو ٹیکنالوجی

(ج) دودھ کی پیداوار میں خود مختاری حاصل کرنے کے لئے درج ذیل اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔

1۔ ولائتی سیمن کا اجراء

2۔ متوازن خوراک کی فراہمی۔

3۔ پروجنی ٹیسٹنگ پروگرام

(د) موجودہ حکومت نے جینیٹک ٹیکنالوجی کو بڑھانے کا کوئی وعدہ نہیں کیا۔ البتہ جدید ٹیکنالوجی کو بڑھانے کے لئے درج ذیل اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔

1۔ ڈی این اے لیب کا قیام۔

2۔ نیشنل سنٹر فار جینٹک سٹڈی کے ساتھ شراکت داری۔

3۔I.V.F ٹیکنالوجی کا فروغ۔

4۔I.S.O سرٹیفکیٹ کے حامل سیمن پروڈکشن کی اپ گریڈیشن۔

5۔ مقامی نسل کی حفاظت و بڑھوتری بذریعہ پروجنی ٹیسٹنگ پروگرام۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اکتوبر 2020)

## صوبہ میں ویٹرنری آفیسر کی بھرتی کرنے کے طریقہ کار سے متعلقہ تفصیلات

*4693: **محترمہ رخسانہ کوثر:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ویٹرنری آفیسر بھرتی کرنے کا کیا طریق کار ہے؟

(ب) صوبہ بھر میں کل کتنی اسامیاں ویٹرنری آفیسر کی ہیں اور کتنی ابھی تک خالی پڑی ہیں۔

(ج) خالی اسامیوں پر حکومت کب تک بھرتی کرے گی ان کی تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 11 مارچ 2020 تاریخ ترسیل 29 جون 2020)

### جواب

**وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ**

(الف) ویٹرنری آفیسر کی بھرتی بذریعہ پنجاب پبلک سروس کمیشن کی جاتی ہے۔

(ب) صوبہ بھر میں ویٹرنری آفیسر کی کل اسامیاں 1488 ہیں جن میں سے 171 خالی ہیں۔

(ج) ویٹرنری آفیسر کی خالی اسامیوں پر بھرتیوں کے لیے محکمہ ریکوزیشن پنجاب پبلک سروس کمیشن کو بھجوا چکا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اکتوبر 2020)

## محکمہ لائیوسٹاک کے امور حیوانات کیلئے اٹھائے گئے اقدامات سے متعلقہ تفصیلات

*4716: **محترمہ سبرینہ جاوید:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ لائیوسٹاک نے گزشتہ دو سالوں کے دوران امور حیوانات کے لئے کیا کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ب) محکمہ لائیوسٹاک کے زیر انتظام ہسپتالوں میں کیا کیا سہولیات دی جارہی ہیں اور کیا یہاں پر جدید طرز کی مشینریاں نصب کی گئی ہیں تفصیلات سے آگاہ فرمائیں۔

(ج) اینٹوں کے بھٹوں پر اینٹیں اٹھانے کے لئے جو گدھے اور گھوڑے استعمال کئے جاتے ہیں کیا ان پر وزن ڈالنے کا کوئی پیمانہ مقرر ہے اور ان کے علاج معالجہ کے لئے کیا نزدیکی سہولیات دی جاتی ہیں اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں۔

(تاریخ وصولی 11 مارچ 2020 تاریخ ترسیل 29 جون 2020)

### جواب

## وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) محکمہ لائیوسٹاک نے گزشتہ دو سالوں کے دوران امور حیوانات کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات کیے ہیں۔

1۔صوبہ میں حفاظتی ٹیکہ جات کی مدد سے متعدی بیماریوں کا کنٹرول۔

2۔متوازن خوراک کی فراہمی۔

3۔رعایتی قیمتوں پر دیسی مرغیوں کی فراہمی۔

4۔گوشت کی پیداوار بڑھانے کے لئے کٹابچاؤ اور کٹاپال سکیموں کا اجراء۔

5۔پراجنی ٹیسٹنگ پروگرام

6۔امور حیوانات کی بابت قانون سازی

7۔صوبہ بھر میں میلہ مویشیاں کا انعقاد۔

8۔امپورٹڈ سیمن کی فراہمی۔

(ب) محکمہ لائیوسٹاک کے زیر انتظام ویٹرنری ہسپتالوں میں مندرجہ ذیل سہولیات دی جارہی ہیں۔

1۔متعدی امراض کے خلاف حفاظتی ٹیکہ جات۔

2۔بیمار جانوروں کا علاج معالجہ

3۔لائیوسٹاک اور پولٹری فارمنگ کے بارے میں مشورہ جات۔

4۔لائیوسٹاک کے بارے میں کسانوں کی تربیت بذریعہ فارمرزڈے۔

5۔سہولت سنٹروں کے ذریعے متوازن ونڈہ کی فراہمی۔

جدید طرز کی مشینری لیبارٹریز میں مہیا کی گئی ہے جبکہ ہسپتالوں میں یہ مشینری نہ دی گئی ہے۔

(ج) جی ہاں، یہ درست ہے۔ وزن وبار برداری میں استعمال ہونے والے گھوڑے اور گدھوں و دوسرے جانوروں کے وزن اٹھانے کا پیمانہ مقرر ہے۔

ان جانوروں کا علاج معالجہ محکمہ کے زیر انتظام ویٹرنری ہسپتالوں اور ویٹرنری ڈسپنسریوں میں مفت کیا جاتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 15اکتوبر2020)

## مال برداری کے جانوروں کے علاج اور ویکسینیشن سے متعلقہ اقدامات و دیگر تفصیلات

*4823: **محترمہ کنول پرویز چودھری:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ لائیوسٹاک کا مال برداری کے لئے استعمال ہونے والے جانوروں کی ویکسینیشن اور علاج کی سہولیات فراہم کرنے کا دائرہ کار کیا ہے؟

(ب) بھٹوں اور کوئلے کی کانوں میں استعمال ہونے والے جانوروں کی ویلفیئر اور ویکسینیشن کے لئے محکمہ کیا اقدامات اٹھا رہا ہے۔

(ج)مذکورہ بالا جانوروں کے مرنے یا حادثے کا شکار ہونے کی صورت میں کیا مزدور یا مالک کو کوئی معاوضہ برائے تلافی نقصان دیا جاتا ہے تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 5 مئی 2020 تاریخ ترسیل 6 جولائی 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)مال برداری میں استعمال ہونے والے جانوروں کو ویکسینیشن اور علاج معالجہ کی سہولت محکمہ کی جانب سے مفت مہیا کی جاتی ہے۔

(ب) بھٹوں اور کانوں میں استعمال ہونے والے جانوروں کا علاج معالجہ محکمہ کے زیر انتظام ہسپتالوں / ڈسپنسریوں / موبائل ویٹرنری ڈسپنسریوں میں کیا جاتا ہے۔

(ج)حادثے کا شکار ہونے کی صورت میں مزدور یا مالک کو کوئی معاوضہ ادا نہ کیا جاتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اکتوبر 2020)

## ضلع سرگودھا: ویٹرنری ہسپتال وڈسپنسریز کی تعداد اور جانوروں کی بیماریوں سے متعلقہ تفصیلات

*5002: **جناب صہیب احمد ملک**: کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع سرگودھا تحصیل بھیرہ پی پی 72 کے یونین کونسلز میں ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسریاں کہاں کہاں موجود ہیں۔

(ب)جن ڈسپنسریوں / ویٹرنری ہسپتالوں میں استعداد سے زیادہ جانور آتے ہیں کیا حکومت ان کو اپ گریڈ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک نہیں تو وجوہات بیان کریں؟

(ج) پی پی 72 میں 19-2018 اور 20-2019 کے دوران جانوروں میں مختلف بیماریوں کے لیے کون کون سی ویکسین کس کس کمپنی کی لگائی گئی مکمل تفصیل بتائیں۔

(تاریخ وصولی 15 جون 2020 تاریخ ترسیل 4 ستمبر 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) ضلع سرگودھا تحصیل بھیرہ پی پی 72 میں 4 ویٹرنری ہسپتال اور 7 ویٹرنری ڈسپنسریاں ہیں۔ ان کے محل وقوع کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسری | مقام ویٹرنری ہسپتال / ڈسپنسری |
|---|---|---|
| 1 | سول ویٹرنری ہسپتال بھیرہ | نزد تحصیل ہیڈ کواٹر ہسپتال بھیرہ |
| 2 | سول ویٹرنری ہسپتال میانی | ملکوال روڈ میانی |
| 3 | سول ویٹرنری ہسپتال چک مبارک | نزد گورنمنٹ بوائز ہائی سکول چک مبارک |

| | | |
|---|---|---|
| 4 | سول ویٹرنری ہسپتال سرداپور نون | نزد گورنمنٹ بوائزہائی سکول سرداپور نون |
| 5 | سول ویٹرنری ڈسپنسری مڈپر گانہ | گاؤں مڈھ پر گانہ ملحقہ جناز گاہ مڈھ پر گانہ |
| 6 | سول ویٹرنری ڈسپنسری جگت پور | نزد گورنمنٹ پرائمری سکول دھوپ سڑی |
| 7 | سول ویٹرنری ڈسپنسری کلیان پور | نزد بنیادی ہیلتھ یونٹ ملکوال روڈ کلیان پور |
| 8 | سول ویٹرنری ڈسپنسری ویروال | نزد گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ویروال |
| 9 | سول ویٹرنری ڈسپنسری حضور پور | بھیرہ ملکوال روڈ حضور پور |
| 10 | سول ویٹرنری ڈسپنسری طرطی پور | نزد ڈیرہ، گوندلانوالہ طرطی پور |
| 11 | سول ویٹرنری ڈسپنسری خان محمد والا | نزد پل نہر خال محمد والا |

(ب)فی الحال ان اداروں کی اپ گریڈیشن کا کوئی منصوبہ نہ ہے کیونکہ اس وقت ان اداروں میں علاج کے لئے جو جانور لائے جارہے ہیں وہ ان اداروں کی استعداد کار کے مطابق ہیں۔

(ج)سال19-2018اور20-2019کے دوران مندرجہ ذیل ویکسین لگائی گئیں جو کہ سرکاری ادارے ویٹرنری ریسرچ انسٹیٹیوٹ لاہور کی بنی ہوئی ہیں۔

HSV-1(گل گھوٹو)

ETV-2(انتڑیوں کا زہر)

NDV۔3(رانی کھیت)

CCPPV۔4(بکریوں کا نمونیا)

OB MVDV۔5(منہ کھر)

PPRV۔6(کاٹا)

BQV۔7(چوڑے مار)

جب کہ ایف۔اے۔او کی فراہم کردہ ایف۔ایم۔ڈی ویکسین رشین فیڈریشن کی بنی ہوئی بھی لگائی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 15اکتوبر2020)

## ساہیوال: محکمہ امور پرورش حیوانات کی ڈسپنسریوں / ہسپتالوں اور ملازمین کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*5199: **جناب محمد ارشد ملک:** کیاوزیرامور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)ضلع ساہیوال میں محکمہ امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ کی کتنی ڈسپنسریاں اور ہسپتال اس ضلع میں ہیں۔

(ب)ان میں تعینات ملازمین کی تعداد کتنی ہے مع عہدہ اور گریڈ وائز بتائیں۔

(ج)اس ضلع میں کتنی اسامیاں کس کس عہدہ اور گریڈ کی خالی ہیں۔

(د)اس ضلع میں مالی سال 20-2019 میں کس کس ڈسپنسری اور ہسپتال کی عمارت تعمیر کی گئی اور موجودہ مالی سال 21-2020 میں کتنی رقم ان ڈسپنسریوں اور ہسپتالوں کی عمارت پر خرچ کی جائے گی۔

(ہ)کیا تمام ڈسپنسریوں اور ہسپتال میں منہ کھر اور دیگر وبائی امراض کی ادویات موجود ہیں نیز ان میں On call دیہاتی علاقہ کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔

(تاریخ وصولی 10 جولائی 2020 تاریخ ترسیل 14 ستمبر 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)ضلع ساہیوال میں ڈسپنسریوں اور ہسپتالوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| تعداد سول ویٹرنری ہسپتال | تعداد سول ویٹرنری ڈسپنسری |
|---|---|
| 13 | 67 |

(ب)ضلع ساہیوال میں تعینات ملازمین کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| نام اسامی | گریڈ | تعداد تعیناتی |
|---|---|---|
| سینئر ویٹرنری آفیسر | 18 | 11 |
| ویٹرنری آفیسر | 17 | 59 |
| ویٹرنری اسسٹنٹ | 09 | 127 |
| اے آئی ٹیکنیشن | 09 | 91 |
| چوکیدار | 01 | 14 |
| لیب اٹنڈنٹ | 01 | 01 |
| کیٹل اٹنڈنٹ | 01 | 76 |

(ج)

| نام اسامی | گریڈ | تعداد خالی اسامیاں |
|---|---|---|
| ایڈیشنل پرنسپل ویٹرنری آفیسر | 19 | 02 |

| | | |
|---|---|---|
| ویٹرنری آفیسر | 17 | 19 |
| لائیوسٹاک پروڈکشن آفیسر | 17 | 02 |
| سپرنٹنڈنٹ | 17 | 01 |
| سینئر کلرک | 14 | 01 |
| اے آئی سپروائزر | 10 | 07 |
| ویٹرنری اسسٹنٹ | 09 | 02 |
| اے آئی ٹیکنیشن | 09 | 02 |
| لیب اسسٹنٹ | 01 | 01 |
| چوکیدار | 01 | 02 |
| کیٹل اٹنڈنٹ | 01 | 21 |
| سینٹری ورکر | 01 | 09 |

(د) ضلع ساہیوال میں مالی سال 20-2019 میں کسی بھی ڈسپنسری اور ہسپتال کی عمارت تعمیر نہ کی گئی ہے۔ موجودہ مالی سال 21-2020 میں بھی کوئی اخراجات نہ کیے گئے ہیں۔

(ہ) ضلع ساہیوال میں تمام ڈسپنسریوں اور ہسپتالوں میں ادویات برائے علاج معالجہ موجود ہیں نیز ان میں On Call دیہاتی علاقہ میں علاج معالجہ کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ وبائی امراض و منہ کھر کی ویکسین جانوروں کو لگائی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اکتوبر 2020)

## ضلع قصور: محکمہ کے زیر انتظام ہسپتال و ڈسپنسریوں کی تعداد اور ان میں خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*5296: **ملک محمد احمد خاں:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع قصور میں محکمہ امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ کے کتنے ہسپتال، ڈسپنسریاں و دیگر ادارے چل رہے ہیں؟

(ب) اس محکمہ کی کون کون سی اسامیاں خالی پڑی ہوئی ہیں کہاں کہاں کون کون سی اسامیاں خالی ہیں۔

(ج) حلقہ پی پی 176 قصور میں کون کون سے ویٹرنری ہسپتال اور ویٹرنری ڈسپنسریاں کہاں کہاں ہیں۔

(د) اس حلقہ میں مزید کس کس جگہ ڈسپنسری کھولنے کی ضرورت ہے۔

(ہ)اس حلقہ میں کتنی رقم مالی سال 21-2020 میں فراہم کی گئی ہے کتنی رقم سے ادویات خرید کی جائیں گی۔ کتنی رقم سے کس کس ہسپتال وڈسپنسری کی عمارت تعمیر کی جائے گی اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی 22 جولائی 2020 تاریخ ترسیل 21 ستمبر 2020)

## جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) ضلع قصور میں ویٹرنری ہسپتال اور ڈسپنسریوں کی تعداد درج ذیل ہے۔

ویٹرنری ہسپتال 14=، ویٹرنری ڈسپنسریاں 74=، اے آئی سنٹر 8= کل تعداد 96=

(ب) خالی اسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| نام اسامی | گریڈ | تعداد |
|---|---|---|
| سینئر ویٹرنری آفیسر (مصطفیٰ آباد، کوٹ رادھا کشن، چونیا حبیب آباد) | 18 | 4 |
| درجہ چہارم | 1-4 | 54 |

(ج) حلقہ پی پی 176 قصور میں درج ذیل ویٹرنری ہسپتال وڈسپنسریاں ہیں۔

1۔ شفاخانہ حیوانات سہجرہ، 2۔ ویٹرنری ڈسپنسری سلطان شاہ والا، 3۔ میاں والا، 4۔ بازید پور، 5۔ مان، 6۔ تارا گڑھ، 7۔ نور پور، 8۔ راجو وال، 9۔ دھالہ، 10۔ کوٹ آسہ سنگھ، 11۔ کھڈیاں، 12۔ جوڑا، 13 پیال 14۔ حسین خان والا

**کل تعداد =14**

(د) اس حلقہ میں مزید کوئی بھی ڈسپنسری کھولنے کی ضرورت نہ ہے۔

(ہ) محکمہ حلقہ وائز بجٹ فراہم نہ کرتا ہے بلکہ ڈویژن کی سطح پر بجٹ فراہم کیا جاتا ہے۔ ضلع قصور میں رواں سال کوئی ترقیاتی سکیم برائے تعمیر ڈسپنسری و ہسپتال جاری نہ کی گئیں ہیں۔ علاج معالجہ، ویکسینیشن اور زمیندار آگاہی پروگرام جیسی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی جواب 03 اگست 2021)

## محکمہ لائیوسٹاک میں جانوروں کی انشورنس سے متعلقہ تفصیلات

*5346: **محترمہ سبرینہ جاوید:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا محکمہ لائیوسٹاک میں جانور کی انشورنس کا کوئی پروگرام ہے۔ تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(ب) اگر جواب ہاں میں ہے تو انشورنس شدہ جانوروں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) اگر جواب ناں میں ہے تو وجوہات سے آگاہ فرمائیں اس بابت موجودہ مالی سال میں کیا اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

(تاریخ وصولی 27 جولائی 2020 تاریخ ترسیل 30 ستمبر 2020)

**جواب**

**وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ**

(الف) محکمہ لائیوسٹاک میں جانوروں کی انشورنس کا کوئی پروگرام نہ ہے۔

(ب) محکمہ لائیوسٹاک میں جانوروں کی انشورنس کا کوئی پروگرام نہ ہے۔

(ج) جانوروں کی انشورنس کی بابت فی الحال کوئی پروگرام ترتیب نہ دیا گیا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اکتوبر 2020)

## اوکاڑہ: مالی سال 21-2020 کے بجٹ میں مویشیوں کی افزائش نسل کیلئے مختص رقم سے متعلقہ تفصیلات

*5432: **محترمہ عنیزہ فاطمہ**: کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) مالی سال 21-2020 کے بجٹ میں کٹا پال، سانڈ پال اور دیگر مویشیوں کی افزائش نسل کے لیے کون کون سی سکیمیں متعارت کروائی گئی ہیں اور اس کے لیے کتنی رقم مختص کی گئی ہے۔

(ب) ضلع اوکاڑہ میں ان سکیموں کی مد میں 19-2018 سے تاحال کٹا پال سکیم کے لیے کتنی رقم خرچ کی گئی اور اس سے کتنے کٹوں کی پرورش کی گئی ان کی تعداد اور مالکان کو دی گئی رقم کے نام و پتہ کے ساتھ مکمل تفصیلات فراہم کریں۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ سال 2013 تا 2018 میں جو سکیمیں شروع کی گئی تھیں ان کو ختم کر دیا گیا ہے ان کی ختم کرنے کی وجوہات کیا ہیں۔

(تاریخ وصولی 7 اگست 2020 تاریخ ترسیل 25 ستمبر 2020)

**جواب**

**وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ**

(الف) حکومت پنجاب نے مالی سال 21-2020 میں دو سکیمیں متعارف کروائی ہیں۔

1 کٹا بھینس بچاؤ پروگرام

2 کٹا فربہ پروگرام

جن کے لئے حکومت پنجاب نے مالی سال 21-2020 میں ضلع اوکاڑہ کے لئے مبلغ -/10145000 روپے مختص کئے ہیں۔

(ب) ضلع اوکاڑہ میں کٹا بھینس بچاؤ پروگرام میں 2381 کٹے پالے گئے اور 124 فارمرز میں

مبلغ -/845000 روپے بذریعہ چیک تقسیم کئے (فارمرز کا نام و پتہ والی لسٹ) Annex-A ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

ضلع اوکاڑہ میں کٹا فربہ پروگرام میں 1800 کٹے پالے گئے اور 295 فارمز میں مبلغ

-/7199929 روپے بذریعہ چیک تقسیم کئے (فارمرز کا نام و پتہ والی لسٹ) Annex-B ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) حکومت پنجاب نے مالی سال 2013 تا 2018 میں جو سکیمیں متعارف / شروع کی تھیں ان کا دورانیہ پورا ہو گیا ہے اور ابھی تک دوبارہ شروع نہ ہوئی ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اکتوبر 2020)

## لاہور کے مختلف علاقوں میں چڑیا اور لالی کی خرید و فروخت کرنے والوں کی گرفتاری سے متعلقہ تفصیلات

*5476: **محترمہ عائشہ اقبال:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ چڑیا اور لالی برڈ پولٹری ایکٹ کے تحت لائیو سٹاک برڈ کے طور پر شامل ہے؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ لبرٹی مارکیٹ، انار کلی، داتا دربار اور یادگار میں ان کی خرید وفروخت ہوتی ہے۔

(ج) ادارہ صلہ رحمی (SPCA) نے آج تک کتنے لوگوں کو گرفتار کیا اور جرمانہ کیا۔

(تاریخ وصولی 12 اگست 2020 تاریخ ترسیل 29 ستمبر 2020)

### جواب

### وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں یہاں پر ان کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔

(ج) ادارہ انسدادِ بے رحمی حیوانات نے آج تک کوئی کارروائی نہ کی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 15 اکتوبر 2020)

لاہور　　　　　　　　　　محمد خان بھٹی

مورخہ 25 دسمبر 2021　　　　　　　　　　سیکرٹری

# بروز پیر 27 دسمبر کو محکمہ امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ کے سوالات وجوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1 | جناب محمد ارشد ملک | 5199-2013 |
| 2 | چودھری اشرف علی | 2043-2019 |
| 3 | محترمہ عظمیٰ کاردار | 3072 |
| 4 | محترمہ رابعہ نسیم فاروقی | 4153-3612 |
| 5 | جناب صہیب احمد ملک | 5002-3267 |
| 6 | جناب عبدالرؤف مغل | 3321 |
| 7 | جناب ممتاز علی | 3336 |
| 8 | آغا علی حیدر | 3737-3341 |
| 9 | محترمہ مومنہ وحید | 3486-3485 |
| 10 | چودھری اختر علی | 3773-3645 |
| 11 | جناب ظہیر اقبال | 3750 |
| 12 | جناب ناصر محمود | 3833 |
| 13 | جناب محمد طاہر پرویز | 3981-3980 |
| 14 | ملک محمد احمد خاں | 5296-3985 |
| 15 | محترمہ عائشہ اقبال | 5476-4118 |

| | | |
|---|---|---|
| 16 | محترمہ راحیلہ نعیم | 4157 |
| 17 | محترمہ سلمیٰ سعدیہ تیمور | 4394 |
| 18 | محترمہ کنول پرویز چودھری | 4823-4421 |
| 19 | جناب نصیر احمد | 4435 |
| 20 | محترمہ رخسانہ کوثر | 4693 |
| 21 | محترمہ سبرینہ جاوید | 5346-4716 |
| 22 | جناب منان خاں | 5342 |
| 23 | محترمہ عنیزہ فاطمہ | 5432 |